★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | ہفتہ 4 جمادی الثانی 1446ھ 07 دسمبر 2024ء 21 مگھر 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 52

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

مریم نواز نے پی ایم پنجاب فری سولر پینل سکیم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا

مریم نوازنے پنجاب کے ماہانہ 200 یونٹ والے ایک لاکھ صارفین کیلئے چیف منٹر پنجاب فری سولر پینل سکیم کا باقاعدہ افتتاح کیا

فری سولر پینل سکیم کا مقصد عوام کو مہنگی بجلی سے مستقل ریلیف دینا، عوام کے وسائل عوام کی سہولت اور ریلیف کیلئے ہی خرچ ہوں گے مریم نواز

100 یونٹ ماہانہ صرف کرنیوالے صارفین کو 550 واٹ، 200 یونٹ تک ماہانہ بجلی صرف کرنیوالے صارفین کو 1100 واٹ کا سولر سسٹم مفت دیا جائیگا

سی ایم پنجاب فری سولر پینل سکیم میں شفافیت کیلئے کمپیوٹرائزڈ قرعہ اندازی کی جائیگی ، صارفین کی معاونت اور رہنمائی کیلئے ہیلپ لائن بھی قائم کی جائیگی



اسلام آباد وفاقی وزیر احسن اقبال سی پی این کی آمد کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (خبرنگار) پنجاب میں ایک لاکھ صارفین کے لئے سی ایم پنجاب فری سولر پینل سکیم کی لانچنگ کر دی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سی ایم پنجاب فری سولر پینل سکیم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ پنجاب کے صارفین آج سے ہی ایس ایم

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

وزیراعظم کی فلسطینی سفیر سے ملاقات، غزہ میں فوری اور غیر مشروط جنگ بندی کا مطالبہ

عالمی برادری کی جانب سے اسرائیل کا سخت احتساب نہ ہونے پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے عالمی برادری کی جانب سے اسرائیل کا سخت احتساب نہ ہونے پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے یہ بات فلسطینی سفیر سے ملاقات کے دوران کہی۔ وزیراعظم نے غزہ میں فوری اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

ریاست مخالف پروپیگنڈے میں ملوث مزید 7 ملزمان کیخلاف مقدمات درج

کراچی سے شرپسندوں میں محمد سہیل، محمد جنید، شیخ محمد احسان، سید رضوان، محمد احمد اور بابر عظیم شامل

اسلام آباد (این این آئی) سوشل میڈیا پر اشتعال انگیز اور جھوٹے بیانات میں ملوث مزید 7 ملزمان کے خلاف ایف آئی آر درج کر لی گئیں۔ ذرائع کے مطابق ملزمان سوشل میڈیا کے ذریعے ریاست مخالف پروپیگنڈا اور جھوٹا بیانیہ پھیلا رہے تھے، ملزمان کو بلدگرفتار کر کے سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ کراچی سے متعلق رکھنے والے شرپسندوں میں محمد سہیل، محمد جنید، شیخ محمد احسان، طارق جمیل، سید رضوان، محمد احمد اور بابر عظیم شامل ہیں۔ ملزمان مختلف واٹس ایپ گروپس اور ایکس اکاؤنٹس کے ذریعے ریاست مخالف نفرت انگیز

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

پاک بحریہ سمندری وسائل سے استفادہ کے لیے اقدامات کر رہی ہے، دوست ملک چین بھی بحری شعبے میں بھرپور تعاون فراہم کرنے کے لیے تیار ہے، شہباز شریف

دہشتگردی ناسور خاتمے کیلئے ہماری عزم پختہ ہے، وزیراعظم

امن و امان کو یقینی بنانے کے حوالے سے اپیکس کمیٹی کے اجلاس ہوئے، ملک میں فول پروف سیکورٹی چاہتے ہیں تاکہ لوگ اپنی صلاحیتوں سے بھرپور استفادہ کر سکیں

پاک بحریہ ہر طرح کے چیلنجز سے نبرد آزما ہونے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے، پاک بحریہ کے بہادر افسران اور جوان پاکستان کی سمندری حدود کا تحفظ یقینی بنا رہے ہیں، ساتویں میری ٹائم سیکورٹی ورکشاپ سے خطاب

لاہور (نیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ دہشت گردی ناسور ہے جس کے خاتمے کیلئے ہمارا عزم پختہ ہے۔ پاکستان نیول وار کالج لاہور میں ساتویں میری ٹائم سیکورٹی ورکشاپ میں خطاب کرتے ہوئے محمد شہباز شریف کا کہنا تھا کہ پاک بحریہ ہر طرح کے چیلنجز سے نبرد آزما ہونے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے، پاک بحریہ کے بہادر افسران اور جوان پاکستان کی سمندری حدود کا تحفظ یقینی بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دور میں بلواسطہ یا بلاواسطہ کوئی مرکزی حیثیت حاصل ہے، بلیو اکانومی سے ہی ہماری ترقی و خوشحالی ممکن ہے، گوادر کی بندرگاہ ایک مرکزی حیثیت رکھتی ہے۔ محمد شہباز شریف کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کے لیے ہمارا عزم پختہ ہے، امن و امان کو یقینی بنانے کے حوالے سے اپیکس کمیٹی کے اجلاس ہوئے، ملک میں فول پروف سیکورٹی چاہتے ہیں تاکہ لوگ اپنی صلاحیتوں سے بھرپور استفادہ کر سکیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گردی کی لعنت ختم کیے بغیر چین سے نہیں بیٹھیں گے، ہماری سیکورٹی فورسز دہشت گردی کے خلاف روزانہ قربانیاں دے رہی ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں 80 ہزار افراد شہید ہوئے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت اور افواج پاکستان دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں، 2018 میں ہم نے دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کر دیا تھا، بدقسمتی سے دہشت گردی کے ناسور نے اب دوبارہ سر اٹھایا ہے۔ محمد شہباز شریف کا مزید کہنا تھا کہ پاک بحریہ سمندری وسائل سے استفادہ کے لیے اقدامات کر رہی ہے، دوست ملک چین بھی بحری شعبے میں بھرپور تعاون فراہم کرنے کے لیے تیار ہے۔



وزیراعظم شہباز شریف پاکستان نیول وار کالج لاہور میں ساتویں میری ٹائم سیکورٹی ورکشاپ سے خطاب کر رہے ہیں

پلاسٹک پروڈیوسرز سپلائرز کلیکٹرز ری سائیکلرز کی رجسٹریشن آن لائن کرنے کا فیصلہ

10 دسمبر سے اینٹی پلاسٹک مہم اور کریک ڈاؤن کو مزید تیز کرے گا، سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب

بذریعہ رجسٹریشن پلاسٹک کی پہچان کو غیر رسمی معیشت سے نکال کر مکمل طور پر رسمی معیشت کا حصہ بنانا مقصود ہے

لاہور (خبرنگار) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ حکومت پلاسٹک پروڈیوسرز، سپلائرز، کلیکٹرز اور ری سائیکلرز کی رجسٹریشن آن لائن کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ رجسٹریشن پنجاب حکومت کا تاریخی اقدام ہے، جس سے پلاسٹک انڈسٹری کے ڈیٹا ایک جگہ اکٹھا کیا جائے گا۔ بذریعہ رجسٹریشن پلاسٹک کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

لاہور صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری میڈیا سے گفتگو کر رہی ہیں

وزیر مملکت کا میجر شبیر شریف شہید نشان حیدر کو 53 ویں یوم شہادت پر خراج عقیدت

قوم تمام شہدا کی قربانیوں کی معترف ہے اور وہ انہیں فراموش نہیں کرے گی، انعمت علی زرداری

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے میجر شبیر شریف شہید نشان حیدر کو 53 ویں یوم شہادت پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

بھاگنے والی عورت نہیں، ڈی چوک پر مجھے اکیلا چھوڑ دیا گیا تھا، بشریٰ بی بی

میندھر طور پر جاں بحق ہونے والے مزدوروں کے لواحقین سے ملاقات، ایک کروڑ روپے کے چیک حوالے کیے

چار سو روپے کی دیہاڑی پر کام کرنے والے مزدوروں کو 25، 25 لاکھ روپے کے چیک دیے گئے، بشریٰ بی بی (پی ٹی آئی) کے بانی چیئرمین عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی نے کہا ہے کہ بھاگنے والی عورت نہیں، ڈی چوک پر مجھے اکیلا چھوڑ دیا گیا تھا۔ بشریٰ بی بی نے چارسدہ کا دورہ روک کے ڈی چوک میں احتجاج

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

صدر نے نئی مدرسز کے بل پر دستخط کرنے کی تصدیق کر دی ہے جلد میسر

مدارس کی حفاظت اور دفاع کرنا ہمارا دینی فرض ہے، مدارس کا دہشت گردی سے کوئی تعلق نہیں، تقریب سے خطاب

مدارس کو دہشتگردی کیساتھ جوڑنے والے متعفن، مدارس کی رجسٹریشن، اکاؤنٹس کو بند نہیں ہونے دینگے، چیئرمین پنجاب اسمبلی ملک احمد خان



شیخ الحدیث مولانا سمیع الحق شہید کانفرنس میں پنجاب اسمبلی کے چیئرمین پروفیسر ساجد میر اور مفتی کے ساتھ دیگر علماء کرام کی شرکت

فیک نیوز پر وفاقی وزیر اطلاعات کو جیل میں ڈالیں: بیرسٹر سیف

تحریک انصاف نے کبھی مذاکرات سے انکار نہیں کیا، اشتعال انگیزی سے گریز کرنا ہوگا، بیان

پشاور (این این آئی) تحریک انصاف کے رہنما بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ مذاکرات سے انکار نہیں کیا۔ بیرسٹر محمد علی سیف نے پی ٹی آئی کے مشیر اطلاعات بیرسٹر محمد علی سیف کا کہنا ہے کہ تحریک انصاف نے کبھی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

بانی پی ٹی آئی پر درج مقدمات کی تعداد 188 تک پہنچ گئی

پنجاب میں بانی پی ٹی آئی کے خلاف 99 اور خیبر پختونخوا میں 2 مقدمات دائر، داخلہ رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کے خلاف ملک بھر میں درج مقدمات کی تعداد 188 تک پہنچ گئی۔ وزارت داخلہ کی رپورٹ کے مطابق پنجاب میں 99 اور خیبر پختونخوا میں 2 مقدمات درج ہیں۔ اسلام آباد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

ضلع کرم میں امن کی بحالی میں پیشرفت، انٹرنیٹ و موبائل سروس بحال

پشاور، پارا چنار شاہراہ اہمیت آمد و رفت کے تمام راستے تاحال بند، نقل و حمل کی بندش کے باعث اشیائے خورد و نوش، ادویات اور پیٹرول کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

کرم (این این آئی) خیبر پختونخوا ضلع کرم میں انٹرنیٹ اور موبائل سروس بحال کر دی گئی ہے۔ پشاور، پارا چنار شاہراہ اہمیت آمد و رفت کے تمام راستے تاحال بند ہیں۔ راستوں کی بندش کے باعث اشیائے خورد و نوش، ادویات اور پیٹرول کی

سراج درانی کی درخواست پر فیصلہ مؤخر، شرجیل میمن کا ریفرنس نیب کو واپس

شرجیل میمن و دیگر کے خلاف ریفرنس انتساب عدالت کے دائرہ اختیار میں نہیں آتا، عدالت

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن اور سابق اسپیکر سندھ اسمبلی آغا سراج درانی احتساب عدالت کراچی میں پیش ہوئے۔ عدالت میں آغا سراج درانی و دیگر کے خلاف آمدن سے زائد اثاثے بنانے کے ریفرنس کی سماعت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

ن لیگ کل بھی پنجاب کی سب سے بڑی مجبوری تھی آج بھی ہے، عظمیٰ بخاری

کل مسلم لیگ ن نے شیخوپورہ کے ضمنی انتخابات میں تاریخی کامیابی حاصل کی، ساڑھے 22 ہزار کی لیڈ سے مسلم لیگ ن نے شیخوپورہ کی سیٹ جیتی

جب جب انہوں نے غداری کا ہل دی لوگوں نے مسترد کیا، لوگوں کو 50.50 ہزار روپے کر وفاق سے لڑنے نکلے ایا ہاتا ہے، صوبائی وزیر اطلاعات

لاہور (صحیفہ فیاض) صوبائی وزیر اطلاعات و نشریات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ مسلم لیگ ن

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12



دیوالیہ اداروں کی بحالی کو ترجیح دیں، آئینہ تھوڑا صاف رکھیں

پاکستان نے جزوہاں خساروں پر قابو پا لیا، ملک میں مارکیٹ بیڈ ایجسٹمنٹ ریٹ نافذ ہے

حکومت بھی شعبے کو مکمل سپورٹ فراہم کرے گی، حکومت چاہتی ہے کہ مشاورت سے آگے بڑھا جائے، اسلام آباد میں خطاب





لاہور صوبائی وزیر بلڈنگ اینڈ ٹرانسپورٹ ڈویلپمنٹ بلال یاسین سے رکن قومی اسمبلی محمد افضل کھوکھر ملاقات کر رہے ہیں

پی ٹی آئی شرپسندوں نے مارپیٹ کے بعد گہری کھائی میں پھینک دیا، ہیڈ کانسٹیبل

شرپسند شیلنگ اور پتھراؤ کرتے ہوئے ہماری طرف بڑھتے رہے، بیان، سرمحمود کی گفتگو

مجھے بدترین تشدد کا نشانہ بنایا گیا، ہیڈ کانسٹیبل یاسر محمود نے بتایا کہ 24 نومبر کو میری ڈیوٹی خاری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے شرپسندوں کے تشدد کا نشانہ بننے والے ہیڈ کانسٹیبل یاسر محمود کا کہنا ہے کہ

سرکاری افسران اینڈ رائیڈ ایپس کا ہارد ہن گ، ڈیٹا چوری کیے جانے کا انکشاف

نیشنل کمپیوٹر ایمرجنسی رسپانس ٹیم (این سی ای آر ٹی) نے اس حوالے سے ایڈوائزری جاری کر دی

اسلام آباد (این این آئی) اینڈرائیڈ ایپس کے ذریعے سرکاری افسران کو ہوف بنا کر ڈیٹا چوری کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ نیشنل کمپیوٹر ایمرجنسی رسپانس ٹیم (این سی ای آر ٹی) نے اس حوالے سے ایڈوائزری جاری کر دی ہے۔ این سی ای آر ٹی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

9 مئی مقدمہ؛ عمر ایوب، عالیہ حمزہ و دیگر کی بریت کی درخواستوں پر سماعت ملتوی

عمر ایوب اور چھٹے اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی محمود مخدوم بابر، عالیہ حمزہ اور متعدد کارکنان پیش نہ ہوئے

سرکاری وکیل کی عدم حاضری پر سماعت ملتوی کر دی گئی، استغاثہ کے 9 مئی مقدمہ میں اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی عمر ایوب و دیگر کی پی ٹی آئی رہنماؤں کی بریت کی درخواستوں پر سماعت ملتوی کر دی گئی۔ سرکاری وکیل کی عدم حاضری پر انسداد دہشتگردی عدالت نے 9 مئی مقدمات کی سماعت 7 دسمبر تک ملتوی کر دی۔ پولیس کے مطابق بانی کورٹ کے حکم پر پنجیر میں بورڈ کو اصاطہ عدالت سے گرفتار کیا گیا ہے۔ پولیس نے بتایا کہ عدالت نے ملزم کو 15 روز تک اور فوری مبید سے بتانے کا حکم دیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

پیپلز پارٹی کا مرتضیٰ وہاب کو ہٹانے کا مطالبہ

پیپلز پارٹی کے رہنما کا مرتضیٰ وہاب کو ہٹانے کا مطالبہ

پیپلز پارٹی کے رہنما کا مرتضیٰ وہاب کو ہٹانے کا مطالبہ

مرت صاحب! سب ظلم اس وقت بھی ہو رہا تھا، آج بھی ہو رہا ہے، جسٹس ارباب

ہیں ہاری سے آپ تعلق رکھتے ہیں، جب وہ حکومت میں تھے تو وہ بھی یہ دھندے کر رہے تھے، ریمارکس

کیسز کی تعداد 15 ہوگئی ہے۔ کیس کی ساعت جسٹس ارباب محمد طاہر نے کی اور شیر افضل مروت کو مطابق بی پی ٹی آئی رہنما شیر افضل مروت کے خلاف

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس کی جانب سے عدالت میں جمع کرائی گئی رپورٹ کے

4 مال بعد یورپ کیلئے پی آئی اے کی پہلی پرواز جنوری 2025 میں روانہ ہوگی

پیرس کی پرواز کے لیے بکنگ کا آغاز ہو گیا ہے، ذرائع پی آئی اے

4 سال بعد پی آئی اے کی یورپ کے لیے پہلی پرواز جنوری 2025 میں روانہ ہوگی۔ پی آئی اے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

کراچی (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) نے یورپ کے لیے پروازوں کی بکنگ شروع کر دی۔ ذرائع پی آئی اے کے مطابق

عمران خان نے دھرنے میں بھی سول نافرمانی کی بات کی تھی، سپریم کورٹ

عمران خان کی ذہنیت ہے اسٹیبلشمنٹ، عدلیہ، الیکشن کمیشن سب ان کے کہنے پر چلیں، شرجیل اعظمی

ذہنیت یہ کہ اسٹیبلشمنٹ، عدلیہ سب ان کے کہنے پر چلیں۔ کراچی میں نیب کورٹ کے باہر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی عمران خان کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

اسلام آباد ہائیکورٹ احتجاج کی آڑ میں سبزی فروش کے بھمالی کی گرفتاری پر برہم

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے احتجاج کی آڑ میں سبزی فروش کے بھمالی کو گرفتار کرنے پر اسلام آباد پولیس پر برہمی کا اظہار کیا ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں جسٹس ارباب محمد طاہر کی عدالت میں عام شہریوں کو گرفتار کرنے کے خلاف کیس کی سماعت ہوئی۔ عدالت کو بتایا گیا کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

شاک مارکیٹ میں نیا ریکارڈ، انڈیکس 1 لاکھ 9 ہزار پوائنٹس کی حد بھی پار کر گیا

کاروباری ہفتے کے پانچویں اور آخری روز شاک ایکسچینج میں کاروباری حجم میں بڑی زبردست تیزی دیکھنے میں آئی

کراچی (این این آئی) پاکستان شاک مارکیٹ میں ایک اور ریکارڈ قائم ہوگیا، ہنڈرڈ انڈیکس 1 لاکھ 9 ہزار پوائنٹس کی حد بھی پار کر گیا۔ کاروباری ہفتے کے پانچویں اور آخری روز شاک ایکسچینج میں کاروبار کے آغاز پر ہی زبردست تیزی دیکھنے میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

بہن علیمہ خان بانی پی ٹی آئی کے دو مطالبات سامنے آ گئیں

پریم کورٹ کے جج کے پیچھے آئی ایس آئی والے ہیں، 9 مئی اور 26 نومبر واقعات کی تحقیقات کرے، علیمہ خان کا مطالبہ

رانا ثنا اللہ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان نے کہا ہے کہ بانی نے 2 مطالبات رکھے ہیں، سپریم کورٹ کے جج کے پیچھے آئی ایس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

جنرل فزیشن صحت کیے نظام میں بنیادی اہمیت کے حامل ہیں، گورنر پنجاب

گورنر پنجاب سے وائس چانسلر یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز پروفیسر احسن الٰہور سے ملاقات

لاہور (خبرنگار) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے ملک میں پرائمری ہیلتھ کیئر سسٹم کو بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ گریڈ 9 تا 15 ڈاکٹرز کی پروموشن پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

خیبر پختونخوا یونیورسٹیز ترمیمی بل 2024ء

ترمیمی بل کے تحت وزیراعلیٰ تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کے چانسلر ہوں گے

بل وزیر برائے اعلیٰ تعلیم میاں افتخار حسین نے پیش کیا جس پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا یونیورسٹیز ترمیمی بل 2024 منظور کر لیا گیا۔ خیبر پختونخوا اسمبلی سے

اقلیتی برادری کی خاتون روپ متی سی ایس ایس امتحان میں کامیاب

روپ متی کا تعلق رحیم یار خان کی گھیل صادق آباد کے قصبے مخربور سے ہے، فرائض میں تعلیم کے ریئں

رحیم یار خان (این این آئی) پاکستان میں مینارٹیز سپیریئر سروسز میں تعلق رکھنے والی اقلیتی برادری کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

کوئٹہ: سرکاری اسپتالوں میں علامتی ہڑتال کا 12 واں روز

ہڑتال اسپتالوں کی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اور کنٹریکٹ پالیسی کے خلاف ہے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے سرکاری اسپتالوں کی او پی ڈیز میں ڈاکٹرز کی 3 گھنٹے کی علامتی ہڑتال

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

سٹوڈنٹس یونین کا مسئلہ لاٹھی گولی سے نہیں، سیاسی ڈائیلاگ سے حل کیا جائے، حسن مرتضیٰ

نوجوان پاکستان میں تبدیلی اور بہتری کا جذبہ رکھتے ہیں، سٹوڈنٹ یونین پر پابندی ختم کی جائے

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کی جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ نے کہا ہے کہ سٹوڈنٹس یونین کا مسئلہ لاٹھی گولی سے نہیں، سیاسی ڈائیلاگ سے حل کیا جائے، متعدد طلبا محاذ کا پاس مطالبہ کرتا ہے کہ سٹوڈنٹ یونین پر پابندی ختم کی جائے۔ وہ پیپلز سٹوڈنٹ فیڈریشن کے زیر اہتمام پیپلز سیکریٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں متعدد طلبا محاذ میں شامل طلبا تنظیموں کے اجلاس کے بعد پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر پنجابی بارہموی کھوکھر، حافظ عامر شہزاد، ہیر یار، عبداللہ، وسیم عباس، اعظم فاروق، فرحان عزیز، جمیل چوہان، یاسر عباس، منیر رضا، ایم اکرم بھی موجود تھے۔ حسن مرتضیٰ کا کہنا تھا کہ آئی ایس ایف، پی ٹی آئی، ایم ایس ایف، ایم ایس ایف، ایم ایس ایف کہہ، اے ایس او، اے ٹی آئی ایس، ایم ایس ایم کے طلبا رہنماؤں کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ یہ نوجوان پاکستان میں تبدیلی اور بہتری کا جذبہ رکھتے ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی اور دیگر سیاسی جماعتیں طلبا یونین سٹوڈنٹس یونین کی آزادی پر یقین رکھتی ہیں۔

بھارت میں مسلمانوں، اسلامی شعائر کے تحفظ کیلئے متحد اور متکلم پاکستان کی ضرورت ہے، انجینئر عالم خلیق

سیاسی جماعتوں، مریاستی اداروں اور عوام کو اپنا اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، ان کی خاموشی بزدلی ہوگی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مرکزی مسلم لیگ لاہور کے صدر انجینئر عادل خلیق نے بھارت کی تاریخی بابری مسجد کی شہادت کی 32 ویں برسی پر رد عمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بابری مسجد کی شہادت کے بعد بھی بھارت میں اسلام دشمنی کا یہ سلسلہ رکا نہیں ہے، آج بھی بھارت میں ہندوتوا نظریے کی پرستش کیلئے نہتی بے گناہ مسلمانوں کے لہو کی بھینٹ چڑھایا جا رہا ہے، اقوام متحدہ اور دیگر متعلقہ بین الاقوامی اداروں کو بھارت میں اسلامی شعائر کے تحفظ کا تقاضا کرنے کے ساتھ ساتھ بھارت میں مسلمانوں کی جان و مال اور اسلامی شعائر کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ایک حتمی اور مضبوط لائحہ عمل کی ضرورت ہے۔

پنجاب جاب سینٹر اور گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط



حکومت پنجاب صوبہ میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کو فروغ دے رہی ہے، خواجہ سلمان رفیق

ایمیکسیس اور کیموئی کیبل بیماریوں کے برڈن میں کمی لانے کیلئے ہیلتھ کیئرز کی کیپسٹی بلڈنگ پر خاص توجہ دی جا رہی ہے

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سے محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں انفیکشن پری وینشن اینڈ کنٹرول فاؤنڈیشن کے وفد نے ملاقات کی



صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر میڈیکل ایجوکیشن، ایمیکسیس پری وینشن اینڈ کنٹرول فاؤنڈیشن کے وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سے محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں انفیکشن پری وینشن اینڈ کنٹرول فاؤنڈیشن کے وفد نے ملاقات کی۔ اس موقع پر چیئرمین بورڈ آف مینجمنٹ ڈی جی آئی سی ڈاکٹر فرحت بیگ، ڈی جی ہیلتھ پروفیسر ڈاکٹر ہمایوں باقر، ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل ڈاکٹر کنول عباس، ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر و دیگر افسران موجود تھے۔ وفد میں ایم ڈی ایک فاؤنڈیشن محمد شفیع، سینئر شفیع آسیہ کوثر اور ڈپٹی ڈائریکٹر شامل تھیں۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور وفد کے درمیان پنجاب میں انفیکشیس اور کیموئی کیبل بیماریوں کے برڈن میں کمی لانے کیلئے ہیلتھ کیئرز کی کیپسٹی بلڈنگ بارے تبادلہ خیال ہوا۔ ادارہ کے ذمہ داران نے ایمیکسیس ڈیزیز اور کیموئی حفاظتی سٹرز بارے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے ادارہ کی کاوشوں کو سراہا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ حکومت پنجاب صوبہ میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کو فروغ دے رہی ہے۔ حکومت پنجاب ایمیکسیس اور کیموئی کیبل بیماریوں کے برڈن میں کمی کے لیے ہیلتھ کیئرز کی کیپسٹی بلڈنگ پر خاص توجہ دے رہی ہے۔ حکومت پنجاب خطرناک بیماریوں پر قابو پانے کیلئے سکریننگ اور پری وینشن پر خاص توجہ دے رہی ہے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے صحت کے شعبہ میں عوام کو بہترین سہولیات کی فراہمی میں حکومت پنجاب کے ساتھ تعاون کرنے والے نجی اداروں کی کاوشوں کو سراہا۔

قبر میں صرف اعمال صالح ہی کام آئیں گے "مفتی ندیم قمر

اخروی کامیابی کیلئے زندگیوں کو اسوۂ رسولؐ کے مطابق گزارنا ہوگا

لاہور (سٹاف رپورٹر) تعمیر انسانیت ایشن کے عہدیداروں نے مولانا ڈاکٹر شہزاد جاوید سے ان کے چیمبر میں ملاقات کی۔ اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ بیماری انسان کی موت کا بہانہ بنتی ہے، ہر ذی روح نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے، ہمیں اپنی زندگیوں کو اسوۂ رسولؐ کے مطابق گزارنا ہوگا۔ اعمال ہی وہ ذریعہ ہیں جن کی بنیاد پر ہمیں آخرت میں کام یابی مل سکتی ہے۔ اعمال کی تعلیمات ہی حقیقی زندگی کا نصب العین ہونا چاہئے اور آخرت کی زندگی کو سنوارنے کی کوشش کرنی چاہئے۔

چوہدری شافع حسین سے امریکی قونصل جنرل کی ملاقات

دوطرفہ تعاون اور پنجاب میں سرمایہ کاری کے مواقع پر بات چیت

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین سے امریکی قونصل جنرل کرسٹن کاسٹر نے ملاقات کی۔ پنجاب سرمایہ کاری بورڈ کے کنوینر اور ایم ڈی پنجاب انویسٹمنٹ بورڈ محمد عثمان بھٹی بھی ملاقات میں موجود تھے۔ ملاقات میں دوطرفہ تعاون بڑھانے کیلئے مزید اقدامات پر اتفاق کیا گیا۔ پنجاب میں سرمایہ کاری کے مواقع، برآمدات بڑھانے کیلئے تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے کہا کہ پنجاب میں سرمایہ کاری کے بے پناہ مواقع ہیں، امریکی کمپنیوں کو پنجاب میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہیں، امریکی کمپنیوں کے تعاون سے پنجاب میں روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے، امریکی کمپنیوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کریں گے، امریکی کمپنیوں کے تعاون سے پنجاب میں ٹیکنالوجی کی منتقلی ہوگی، امریکی کمپنیوں کو پنجاب میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہیں، پنجاب میں سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کریں گے۔ امریکی قونصل جنرل کرسٹن کاسٹر نے کہا کہ امریکی کمپنیوں کو پنجاب میں سرمایہ کاری کے مواقع سے آگاہ کیا، صوبائی وزیر نے پنجاب کے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع بارے بھی بتایا۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے امریکی قونصل جنرل سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ پاکستان کا بڑا تجارتی پارٹنر ہے تاہم دوطرفہ

سائفنگ کا مجموعی حجم 750 ارب روپے، پروگرام کے معلومات کی مالیت سائفنگ 396 ارب روپے ہوگی، جاوید قصوری

نادہندگان سائفنگ اور کرپشن کے اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان لگ گیا، امیر جماعت اسلامی پنجاب مطمئن

لاہور (سٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ میڈیا کی رپورٹ کے مطابق تک ملک میں سائفنگ کا مجموعی حجم 750 ارب روپے ہے جس میں سے زیادہ تر پیڈرم معلومات کی سائفنگ ہے، پیڈرم کے معلومات کی سالمہ 396 ارب روپے کی اسٹاک کا انکشاف تشویشناک ہے جس سے اسٹاک ایکسچینج اور کرپشن کے اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان لگ گیا ہے۔ انہوں نے میڈیا کو جاری کردہ اپنے ایک بیان میں کہا کہ پاکستان کی پیڈرم کی فروخت جولائی 2024 سے 25 دسمبر کی مالیت 500 ارب روپے تھی اسٹاک ایکسچینج 58 ملین ٹن تک رہی جو کہ تشویشناک ہے ٹن ملین ٹن کی مالیت 500 ارب روپے تھی اسٹاک ایکسچینج 37 ملین ٹن تھی۔ ایک اسٹاک ایکسچینج 58

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 7دسمبر 2024ء

لالیاں واٹر پلانٹ آلودہ پانی اگلنے لگا، شہری بیماریوں کے حوالے

فلٹر تبدیل نا کرنے سے اور اسکی ٹینکی کی صفائی کئے کئی سالوں کا عرصہ گزر گیا ہے جس سے پانی مضر صحت آرہا ہے۔جس سے ہم اور ہمارے بچوں کی زندگیوں سے کھیلا جارہا ہے،فلٹر کی بروقت تبدیلی یقینی بنائی جائے،شہریوں کا کمشنر، ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنر سے مطالبہ



لالیاں (راناکاشف کلیم سے) لالیاں شہر کا مین واٹر پلانٹ انتظامیہ کی نااہلی کے سبب آلودہ پانی اگلنے لگا۔مضر صحت پانی پینے سے شہری موذی امراض کا شکار ہونے لگے۔شہریوں کا کمشنر فیصل آباد اور ڈی سی پنجوٹ سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔تفصیلات کے مطابق صاف پانی انسانی زندگی کا ایک اہم جزو ہے۔کیونکہ اسکی بدولت ہی انسانی زندگی رواں دواں ہے۔اسی حوالے سے لالیاں شہر کا مین واٹر پلانٹ انتظامیہ کی نااہلی اور سستی کے باعث آلودہ پانی دینے لگا۔جس سے شہری میں متعدد بیماریوں جن میں ہیپاٹائٹس۔یرقان۔ہیضہ۔و دیگر بیماریوں کے خدشات لاحق ہونے لگے۔پانی لینے کے لئے آنے والے شہریوں کا کہنا ہے کہ اسکا فلٹر تبدیل نا کرنے سے اور اسکی ٹینکی کی صفائی کئے کئی سالوں کا عرصہ گزر گیا ہے۔جس سے پانی مضر صحت آرہا ہے۔جس سے ہم اور ہمارے بچوں کی زندگیوں سے کھیلا جارہا ہے۔ہم کمشنر فیصل آباد اور ڈپٹی کمشنر چنیوٹ اور اسسٹنٹ کمشنر سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اسکے فلٹر کی بروقت تبدیلی کو یقینی بنایا جائے۔اور مین ٹینکی کی صفائی کروائی جائے۔واضح رہے کہ آلودہ پانی عالمی ادارہ صحت کے مطابق اسی فیصد بیماریوں کا سبب بنتا ہے۔

ختم نبوتؐ ہمارے ایمان کا حصہ ہے اور آخری دم تک تحفظ کرتے رہیں گے،سراکرم خان



وزیرآباد (نامہ نگار) جماعت اسلامی کے راہنما سراکرم خان نے کہا ہے کہ ہر مسلمان کا عقیدہ ہے کہ امام کائنات حضرت محمد مصطفیٰ آخری نبی اور رسولؐ ہیں،ختم نبوتؐ ہمارے ایمان کا حصہ ہے اور آخری دم تک تحفظ کرتے رہیں گے،دنیا میں عزت اور آخرت میں جنت حاصل کرنے کے لئے ہمیں رہبر کامل پیغمبر انقلابؐ کی سیرت کا اپناناہوگا ملک میں اسلام کا نفاذ اور استحکام پاکستان ہماری منزل ہے، انقلاب پیغمبر انسانوں کی زندگیاں بدل کیں نظام مصطفیٰؐ سے ہی پاکستانی معاشرہ درست ہوسکتا ہے اور ملک کو استحکام نصیب ہوگا،سکولر لابی ملک کو لادین ریاست بنانے کے لئے کوشاں ہے،حکمرانوں نے ہر شعبہ سے شریعت نکال دی ہم ورلڈ بینک کے غلام بن گئے ہیں، حکمرانوں کے دل میں اللہ نہیں یورپ کا خوف ہے، مغرب کے مادر پدر آزاد کلچر سے مرعوب مافیا اسلامی تہذیب کو قتل کرنا چاہتا ہے، آج ہمارے ملک کو اندرونی و بیرونی کئی طرح کے چیلنجز کا سامنا ہے امن وامان خواب بن چکا ہے۔

ڈی پی او کا چوآسیدن شاہ کے علاقہ وٹلی میں قتل پر فوری نوٹس

ایس پی انویسٹی گیشن چکوال، ایس ڈی پی او چوآ سرکل اور ایس ایچ او تھاہ چوآ کی زیر نگرانی میں ٹیمیں تشکیل



چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال لیٹیننٹ ریٹائرڈ احمد محی الدین کا تھانہ چوآسیدن شاہ کے علاقہ وٹلی میں قتل پر فوری نوٹس۔ڈی پی او چکوال کی ہدایت پر ایس ڈی پی او چوآسرکل،ایس ایچ او تھانہ چوآ کی زیر نگرانی انویسٹیگیشن ٹیم تشکیل دے دی گئی ہے اور قاتلوں کی گرفتاری کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائیں جارہے ہیں۔

موصول ہوئی کہ نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے محمد صفدر ولد لال خان بعمر تقریباً 60 سال سکنہ وٹلی چوآسیدن شاہ کو فائرنگ کرکے قتل کردیا ہے۔ چوآسیدن شاہ پولیس موقع پر پہنچ گئی،تمام شواہد اکٹھے کیے جارہے ہیں،نعش بغرض پوسٹمارٹم تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال چوآسیدن شاہ منتقل کیا جارہا ہے۔کرائم سین یونٹ اور پی ایف ایس اے کی ٹیموں کو موقع پر بلوا لیا گیا ہے اور تمام تر شواہد اکٹھے کیے جائیں گے ۔ڈی پی او چکوال لیٹیننٹ ریٹائرڈ احمد محی الدین کی خصوصی ہدایت پر ایس پی انویسٹیگیشن چکوال، ایس ڈی پی او چوآ سرکل اور ایس ایچ او تھانہ چوآ کی زیر نگرانی انویسٹیگیشن ٹیم تشکیل دے دی گئی ہے اور قاتلوں کی گرفتاری کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائیں جارہے ہیں۔

دنیا کے واحد بین المذاہب ہم آہنگی مرکز کٹاس راج میں وفاقی وزیر بین المذاہب ہم آہنگی کی آمد



چکوال (ایم ایوب سلطانی) چوہدری مالک حسین نے 36 کمروں پر مشتمل رہائشی کمپلیس کا افتتاح کیا۔یکٹری مذہبی امور ڈاکٹر عطاالرحمان، ایڈیشنل سیکرٹری پنجاب یاتری سیف اللہ کھوکھر، چیئرمین پاکستان ہندی مندر مینجمنٹ کمیٹی پرشن شرما،ممبر بریگیڈیئر اختر نواز جنجوعہ وفاقی وزیر کے ہمراہ تھے۔ڈپٹی کمشنر چکوال قراۃالعین ملک،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال غلام محی الدین، اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ شیخ حماد حامد،ایس ڈی پی او ابراہیم وڑائچ،بی او بلدیہ ناصر کنول اور شفنفر شاہ،ہمدانی سمیت ضلعی ومقامی انتظامیہ بھی موجود رہی۔رہنماء پاکستان مسلم لیگ ق محمد خان ہتراں، احسن تنویر کے علاوہ ضلع چکوال اور چوآسیدن شاہ کے پرنٹ والیکٹرانک میڈیا کی بھرپور کوریج۔

نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کرکے نوجوان کو موت کے گھاٹ اتار دیا

دو موٹر سائیکلوں پر سوار چار نامعلوم مسلح ملزمان نے روک لیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کرکے نوجوان کو موت کے گھاٹ اتار دیا،ڈسکہ کے نواحی گاؤں رتہ باجوہ کے گل نواز کا کزن ذیشان گھر سے موٹر سائیکل پر سلفٹ میں گیس بھروانے کیلئے سٹراء جارہا تھا کہ اس کو دو موٹر سائیکلوں پر سوار چار نامعلوم مسلح ملزمان نے روک لیا اور اس پر قتل کردینے کی نیت سے فائرنگ شروع کردی جس کے نتیجہ میں نوجوان گولیاں لگنے سے شدید زخمی ہوگیا جس کو مدد گار اسے سول ہسپتال لایا گیا جہاں پر وہ دم توڑ گیا سٹراء پولیس نے مقتول کے کزن گل نواز کی مدعیت میں نامعلوم ملزمان کیخلاف قتل کا مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی ہے۔

کمشنر فیصل آباد سلوت سعید کا حکومتی اقدامات اور عوامی بہبود پر عملدرآمد کا جائزہ

ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل نے ریونیو،تعلیم،صحت،زراعت اور کھیلوں کی سرگرمیوں پر بریفنگ دی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کمشنر فیصل آباد سلوت سعید نے حکومتی اقدامات اور عوامی بہبود پر عملدرآمد کا جائزہ لینے کے لئے ضلع چنیوٹ کا تفصیلی دورہ کیا۔انہوں نے ڈی سی آفس میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت اور عوامی بہبود کے اقدامات پر بریفنگ لی۔ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل نے ریونیو،تعلیم، صحت، زراعت اور کھیلوں کی سرگرمیوں پر بریفنگ دی۔انہوں نے تھرا پنجاب پروگرام ترقیاتی منصوبوں کی انسپکشن،میرج ایکٹ،شہری خوبصورتی کے اقدامات،انسداد تجاوزات اپریشن، انسداد ڈینگی وپولیو مہم کے اہداف سے بھی آگاہ کیا۔اجلاس میں دیہی مراکز مال کی کارکردگی،روزنامچوں، گرداوری، مینوئل موضعات جات کی ڈیجیٹلائزیشن،ریونیو کورٹ مینجمنٹ سسٹم کی کارکردگی، میوٹیشن اور کھیوٹ کے مسائل بارے آگاہی دی گئی۔کمشنر فیصل آباد نے ہدایت کی کہ میوٹیشن اور کھیوٹ کے مسائل جلد حل کرائے جائیں۔انہوں نے کہا کہ ریونیو ریکوری کے سو فیصد ٹارگٹ کے حصول کو یقینی بنائیں آبیانہ، میوٹیشن فیس،ایف بی آر، زرعی انکم ٹیکس،انتقالات اور دیگر ریونیو واجبات کی وصولی کو پورا کیا جائے۔کمشنر نے کہا کہ پراپس کنٹرول میکنزم،تھرا پنجاب، تھانہ کلچر مسائل،تجاوزات کیخلاف مہم کے واضح نتائج نظر آنے چاہئیں۔انہوں نے کہا کہ کے پی آئی (KPIs) کے ٹارگٹس کے لئے کمربستہ رہیں جبکہ عوامی بہبود کے جاری ترقیاتی منصوبوں کی مقررہ مدت میں تکمیل یقینی بنائیں۔شفافیت کو ہر قیمت پر ملحوظ خاطر رکھا جائے۔ہیلتھ مراکز کی مسلسل انسپکشن کا شیڈول ہونا چاہیے۔انہوں نے واضح ہدایت کی کہ روٹی کی مقررہ قیمت پر فروخت پر زیرو ٹالرنس ہے۔عوامی مسائل کا حل ترجیح بنائیں اور اپنے دفاتر کے دروازے سائلین کے لئے کھلے رکھیں۔کمشنر فیصل آباد نے ڈی سی آفس چنیوٹ میں ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنر کے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت بھی کی۔اجلاس میں سرکاری اراضی اور زرعی اراضی پر عارضی کاشت پر تفصیلات لیں۔انہوں نے بورڈ آف ریونیو کے اقدامات پر عملدرآمد کو ہر قیمت پر یقینی بنانے کی ہدایت کی اور سرکاری واجبات کی وصولی، انتقالات فیس،ناداں،واٹر ریٹ،زرعی انکم ٹیکس،ٹیپ ڈیوٹی،زیر التوا انتقالات،ای رجسٹریشن،وراثتی انتقالات، تقسیم جائیداد کے کیسز،کھیوٹ ایشوز،پلس پراجیکٹ،سکنی موضع جات،جمعبندیوں کی سکیننگ اور ریونیو عدالتی کیسز پر بریفنگ لی۔کمشنر نے کہا کہ ریونیو افسران اپنی ذمہ داریوں کا ادراک کریں۔دفاتر کی تسلسل سے انسپکشنز کے ساتھ عدالتی کیسز کو ترجیحی بنیادوں پر جلد نمٹایا جائے۔انہوں نے کہا کہ ریونیو افسران کو تفویض کردہ اہداف کا ہر صورت جائزہ اور انہیں ٹارگٹس کی تکمیل کے لئے مزید متحرک کیا جائے۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر سے کہا کہ باقی ماندہ لائٹس کی نیلامیوں کا عمل نمٹایا جائے۔سرکاری اراضی پر ناجائز قابضین کیخلاف کریک ڈاؤن کریں اور سرکاری اراضی کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ زرعی اراضی پر عارضی کاشت کے حصول کی تکمیل بھی یقینی بنائیں، اجلاس میں ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز رانا محمد عمر، طلحہ سعید، اسسٹنٹ کمشنرز شمس الرحمن، شازیہ رحمن، سعدیہ جمال موجود تھیں۔کمشنر نے 125 بستروں پر مشتمل ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال چنیوٹ کی زیر تعمیر نئی عمارت کا دورہ کرکے اب تک کی تعمیراتی پیشرفت کا باریک بینی سے معائنہ کیا۔انہوں نے تعمیراتی کوالٹی بھی چیک کی اور کہا کہ ڈی ایچ کیو ہسپتال کا زیر تعمیر منصوبہ تیزی سے مکمل کرایا جائے۔انہوں نے کہا کہ ہسپتال کی نئی عمارت کی تکمیل سے مریضوں کو علاج معالجہ میں بڑی سہولت میسر آئے گی۔انہوں نے ڈپٹی کمشنر چنیوٹ کو میگا پراجیکٹ شفافیت سے مکمل کرانے کا ٹاسک تفویض کیا۔انہوں نے دورہ چنیوٹ پر زیر تعمیر ڈسٹرکٹ کمپلیکس کا معائنہ کیا اور پراجیکٹ کی تعمیراتی پیشرفت پر بریفنگ لی۔انہوں نے منصوبوں کو تیز رفتاری سے مکمل کرنے اور دستیاب فنڈز کو شفاف انداز میں بروئے کار لانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ تعمیراتی کوالٹی پر کوئی مفاہمت نہیں کیا جائے گا۔کمشنر سلوت سعید نیڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال چنیوٹ کا دورہ اور ہسپتال کے مختلف شعبوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔انہوں نے مختلف وارڈز میں زیر علاج مریضوں کی عیادت اور ان سے علاج معالجہ کی فراہمی بارے دریافت کیا اور موقع پر مریضوں کے لواحقین سے علاج معالجہ کی سہولیات اور ادویات ملنے کے بارے میں استفسار کرتے ہوئے ہسپتال انتظامیہ کو زیر علاج بزرگ اور مریض بچوں کی صحت کا خصوصی خیال رکھنے کی تاکید کی۔انہوں نے کہا کہ مریضوں کو علاج معالجہ کی تیز رفتار طبی سروسز کی فراہمی میں کوئی رکاوٹ نہیں آنی چاہیے۔انہوں نے طبی مشینری کو ہمہ وقت فعال رکھنے کی خصوصی ہدایات جاری کیں اور ہسپتال میں صفائی کا معیار بھی چیک کرتے ہوئے کہا کہ واش رومز ہمہ وقت صاف ستھرے ہونے چاہئیں۔کمشنر نے موقع پر ڈاکٹرز و پیرامیڈیکس سٹاف کی موجودگی بھی چیک کی اور ادویات کے سٹور بھی گئیں اور ریکارڈ دیکھا۔کسی مریض کو ادویات نہ ملنے کی شکایت نہیں ملنی چاہیے۔انہوں نے کہا کہ ہیلتھ مراکز کی انسپکشن کا عمل جاری رہے گا۔

عورتوں پر تشدد کے واقعات قابل مذمت ہیں بڑھتے ہوئے تشدد کے واقعات نے عورت کو اضطرابی کیفیت میں مبتلا کردیا،خالد وسیم ایڈووکیٹ



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) کنوینر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ عورتوں پر تشدد کے واقعات قابل مذمت ہیں بڑھتے ہوئے تشدد کے واقعات نے عورت کو اضطرابی کیفیت میں مبتلا کر دیا ہے نسلوں کی بہتر پرورش اور بہتر تربیت کے لیے عورت کا مقام انتہائی اہمیت کا حامل ہے ماں بچوں کو جو تربیت دیتی ہے اسی کی بدولت معاشرہ ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے خواتین پر تشدد کے واقعات کے حالیہ دن کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کیا محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ موجودہ دور میں دین اسلام کے مطابق بتائی ہوئی تعلیمات پر پیرا عمل ہونے کی ضرورت ہے کیونکہ اسلام نے عورت کے مقام کو بڑا بلند درجہ دیا ہے معاشرے کے ہر فرد کی ذمہ داری ہے کہ وہ عورت کے حقوق کو پامال نہ ہونے دے بلکہ عورت کے حقوق کی پاسداری کے لیے کردار ادا کرے عورت کی تربیت کی بدولت ہی معاشرہ ترقی و خوشحالی حاصل کرتا ہے ہم سب کی اولین ذمہ داری ہے کہ خواتین سے پر تشدد واقعات کی روک تھام کے لیے ہر شخص اپنا کردار ادا کرے۔

تیز رفتار مزدا کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار نوجوان جاں بحق

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) تیز رفتار مزدا کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار نوجوان جاں بحق جبکہ ایک شدید زخمی تھانہ صدر کے علاقہ آدمکے چیمہ کے عمران کا بھائی مصدق ہمراہ اخلاق موٹر سائیکل پر رنجھائی سے واپس آدمکے چیمہ آرہا تھا کہ مندرانوالہ کے قریب ان کی موٹر سائیکل کو تیز رفتار مزدا نے ٹکر مار دی جس کے نتیجہ میں موٹر سائیکل سوار دونوں افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں طبی امداد کیلئے سول ہسپتال لایا گیا جہاں پر مصدق کی حالت تشویشناک ہونے پر گوجرانوالہ ریفر کردیا گیا جو راستے میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا صدر پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

فاروق ہسپتال ڈسکہ سے 20 سالہ

نوجوان کا اغوا پولیس نے نامعلوم ملزمان کیخلاف اغوا کا مقدمہ درج کرلیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) فاروق ہسپتال ڈسکہ سے بیس سالہ نوجوان اغوا ڈسکہ کا عمران مسیح گزشتہ روز سول ہسپتال ڈسکہ کے سامنے واقع فاروق ہسپتال میں اپنی ہمشیرہ جو کہ ہسپتال میں داخل تھی اس کی دیکھ بھال کیلئے اپنے بھائی کو چھوڑ کر چلا گیا جب واپس آیا تو اس کا بھائی غائب تھا اس نے کافی تلاش کی تو اس کو اس کا بھائی نہ ملا پولیس نے نامعلوم ملزمان کیخلاف اغوا کا مقدمہ درج کرلیا ہے

نہر کنارے کھوکھے لگانے پر 13 ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) نہر بی آر بی کی حفاظتی دیوار کے اندر قبضہ کرکے پختہ اور کھوکھے لگانے پر 13 ملزمان کیخلاف مقدمہ درج سب ڈویژن آفیسر محکمہ انہار نے گزشتہ روز اپنی ٹیم کے ہمراہ بائی نہر بی آر بی پر چھاپہ مارا تو ملزمان نے غیر قانونی طور پر حفاظتی دیوار کے اندر قبضہ کرکے پختہ اور کھوکھے لگا رکھے تھے جو کہ انہار نے گرا دیئے اور اپنی جائیداد کے کیسز، کھیوٹ ایشوز، پلس پراجیکٹ، سکنی موضع جات، جمعبندیوں کی سکیننگ اور ریونیو عدالتی کیسز پر بریفنگ لی۔کمشنر نے کہا کہ ریونیو افسران اپنی ذمہ داریوں کا ادراک کریں۔دفاتر کی تسلسل سے انسپکشنز کے ساتھ عدالتی کیسز کو ترجیحی بنیادوں پر جلد نمٹایا جائے۔انہوں نے کہا کہ ریونیو افسران کو تفویض کردہ اہداف کا ہر صورت جائزہ اور انہیں ٹارگٹس کی تکمیل کے لئے مزید متحرک کیا جائے۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر سے کہا کہ باقی ماندہ لائٹس کی نیلامیوں کا عمل نمٹایا جائے۔سرکاری اراضی پر ناجائز قابضین کیخلاف کریک ڈاؤن کریں اور سرکاری اراضی کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ زرعی اراضی پر عارضی کاشت کے حصول کی تکمیل بھی یقینی بنائیں، اجلاس میں ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز رانا محمد عمر، طلحہ سعید، اسسٹنٹ کمشنرز شمس الرحمن، شازیہ رحمن، سعدیہ جمال موجود تھیں۔کمشنر نے 125 بستروں پر مشتمل ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال چنیوٹ کی زیر تعمیر نئی عمارت کا دورہ کرکے اب تک کی تعمیراتی پیشرفت کا باریک بینی سے معائنہ کیا۔انہوں نے تعمیراتی کوالٹی بھی چیک کی اور کہا کہ ڈی ایچ کیو ہسپتال کا زیر تعمیر منصوبہ تیزی سے مکمل کرایا جائے۔انہوں نے کہا کہ ہسپتال کی نئی عمارت کی تکمیل سے مریضوں کو علاج معالجہ میں بڑی سہولت میسر آئے گی۔انہوں نے ڈپٹی کمشنر چنیوٹ کو میگا پراجیکٹ شفافیت سے مکمل کرانے کا ٹاسک تفویض کیا۔انہوں نے دورہ چنیوٹ پر زیر تعمیر ڈسٹرکٹ کمپلیکس کا معائنہ کیا اور پراجیکٹ کی تعمیراتی پیشرفت پر بریفنگ لی۔انہوں نے منصوبوں کو تیز رفتاری سے مکمل کرنے اور دستیاب فنڈز کو شفاف انداز میں بروئے کار لانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ تعمیراتی کوالٹی پر کوئی مفاہمت نہیں کیا جائے گا۔کمشنر سلوت سعید نیڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال چنیوٹ کا دورہ اور ہسپتال کے مختلف شعبوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔انہوں نے مختلف وارڈز میں زیر علاج مریضوں کی عیادت اور ان سے علاج معالجہ کی فراہمی بارے دریافت کیا اور موقع پر مریضوں کے لواحقین سے علاج معالجہ کی سہولیات اور ادویات ملنے کے بارے میں استفسار کرتے ہوئے ہسپتال انتظامیہ کو زیر علاج بزرگ اور مریض بچوں کی صحت کا خصوصی خیال رکھنے کی تاکید کی۔انہوں نے کہا کہ مریضوں کو علاج معالجہ کی تیز رفتار طبی سروسز کی فراہمی میں کوئی رکاوٹ نہیں آنی چاہیے۔انہوں نے طبی مشینری کو ہمہ وقت فعال رکھنے کی خصوصی ہدایات جاری کیں اور ہسپتال میں صفائی کا معیار بھی چیک کرتے ہوئے کہا کہ واش رومز ہمہ وقت صاف ستھرے ہونے چاہئیں۔کمشنر نے موقع پر ڈاکٹرز و پیرامیڈیکس سٹاف کی موجودگی بھی چیک کی اور ادویات کے سٹور بھی گئیں اور ریکارڈ دیکھا۔کسی مریض کو ادویات نہ ملنے کی شکایت نہیں ملنی چاہیے۔انہوں نے کہا کہ ہیلتھ مراکز کی انسپکشن کا عمل جاری رہے گا۔

ظفروال شہر بھر میں ملاوٹ شدہ، کیمیکل سے تیار دودھ اور دہی کی فروخت دھڑلے سے جاری

مضر صحت ملاوٹ شدہ دودھ شہریوں میں بیماریوں کا باعث بننے لگا

ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی، ڈپٹی کمشنر نارووال۔اسسٹنٹ کمشنر و دیگر متعلقہ محکموں سے نوٹس لینے کا مطالبہ

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق شہر و گردونواح میں مضر صحت اور ملاوٹ شدہ اور کیمیکل سے تیار دودھ دہی کی فروخت کا سلسلہ جاری ہے، دودھ فروش حضرات ملاوٹ شدہ اور کیمیکل سے تیار شدہ دودھ مختلف دکانوں پر کم نرخوں پر فروخت کر دیتے ہیں دودھ فروش اپنی دکانوں پر ناقص وغیر معیاری دودھ جو چند روپوں میں خرید کر مہنگے داموں میں فروخت کر رہے ہے جو کے شہریوں میں بیماریاں بانٹنے کا باعث بن رہے ہیں جس کے استعمال سے چھوٹے چھوٹے معصوم بچے، بزرگ شہری بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں، جبکہ مضر صحت دودھ کے حوالے سے قانون نافذ کرنے والے اداروں نے اس حوالے سے مکمل خاموشی اختیار کر رکھی ہے، شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب، ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی، ڈپٹی کمشنر نارووال۔اسسٹنٹ کمشنر ظفروال سے مطالبہ کیا ہے کہ ڈسٹرکٹ فوڈ اتھارٹی کے ذمہ داران کو شہر بھر میں دودھ لانے اور بیچنے والے گوالوں کا دودھ چیک کرنے کا پابند بنایا جائے تاکہ شہری بیماریوں سے محفوظ رہ سکیں۔ کیمیکل سے تیار شدہ دودھ اور دہی استعمال کرنے سے شہری معدہ کی بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں۔

عورتوں پر تشدد کے واقعات قابل مذمت ہیں بڑھتے ہوئے تشدد کے واقعات نے عورت کو اضطرابی کیفیت میں مبتلا کردیا،خالد وسیم ایڈووکیٹ

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) کنوینر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ عورتوں پر تشدد کے واقعات قابل مذمت ہیں بڑھتے ہوئے تشدد کے واقعات نے عورت کو اضطرابی کیفیت میں مبتلا کر دیا ہے نسلوں کی بہتر پرورش اور بہتر تربیت کے لیے عورت کا مقام انتہائی اہمیت کا حامل ہے ماں بچوں کو جو تربیت دیتی ہے اسی کی بدولت معاشرہ ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے خواتین پر تشدد کے واقعات کے حالیہ دن کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کیا محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ موجودہ دور میں دین اسلام کے مطابق بتائی ہوئی تعلیمات پر پیرا عمل ہونے کی ضرورت ہے کیونکہ اسلام نے عورت کے مقام کو بڑا بلند درجہ دیا ہے معاشرے کے ہر فرد کی ذمہ داری ہے کہ وہ عورت کے حقوق کو پامال نہ ہونے دے بلکہ عورت کے حقوق کی پاسداری کے لیے کردار ادا کرے عورت کی تربیت کی بدولت ہی معاشرہ ترقی و خوشحالی حاصل کرتا ہے ہم سب کی اولین ذمہ داری ہے کہ خواتین سے پر تشدد واقعات کی روک تھام کے لیے ہر شخص اپنا کردار ادا کرے۔

تاجر برادری کو ریلیف کی فراہمی کیلئے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا، خرم شہزاد وڑائچ

شیخوپورہ کی تاجر برادری معاشی وتجارتی سرگرمیوں کے فروغ میں ہمیشہ پیش پیش رہی ہے،سابق صوبائی وزیر قانون کی مرکزی انجمن تاجران اور چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے میڈیا کوآرڈینیٹر عامر خان سے ملاقات میں گفتگو



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) سابق صوبائی وزیر قانون خرم شہزاد وڑائچ ایم این اے سے مرکزی انجمن تاجران اور چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے میڈیا کوآرڈینیٹر عامر خان نے ملاقات کی ہے اور ان سے معاشی وتجارتی سرگرمیوں کے فروغ کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا ہے خرم شہزاد وڑائچ ایم این اے کو عامر خان نے شیخوپورہ کی تاجر برادری کو درپیش مسائل کے حل اور تاجروں کی فلاح و بہبود کیلئے مرکزی انجمن تاجران کے صدر امجد نذیر بٹ و دیگر عہدیداروں کی خدمات سے بھی آگاہ کیا اور انہیں چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے تیز تر معاشی ترقی کے حوالے سے مرتب کردہ اصلاحات و لائحہ عمل پر بھی بریفنگ دی جسے سراہتے ہوئے خرم شہزاد وڑائچ ایم این اے نے کہا کہ شیخوپورہ کی تاجر برادری معاشی وتجارتی سرگرمیوں کے فروغ میں ہمیشہ پیش پیش رہی ہے تاجروں کی فلاح و بہبود کیلئے مرکزی انجمن تاجران اور چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز صنعتوں سے وابستہ افراد کا ترجمان پلیٹ فارم ہے جس کی مرتب کردہ معاشی اصلاحات یقیناً سراہے جانے لائق ہیں انہیں فوری نافذ کرنے کی ضرورت ہے ان اصلاحات کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں ایوان کے سامنے رکھا جائے گا۔ فراہمی کیلئے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا اور ان کے حقوق کے تحفظ کیلئے ایوانوں کے اندر اور باہر بھرپور آواز بلند کی جائے گی، انہوں نے کہا کہ چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز صنعتوں سے وابستہ افراد کا ترجمان پلیٹ فارم ہے جس کی مرتب کردہ معاشی اصلاحات یقیناً سراہے جانے لائق ہیں انہیں فوری نافذ کرنے کی ضرورت ہے ان اصلاحات کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں ایوان کے سامنے رکھا جائے گا۔

سجادہ نشین آستانہ عالیہ نوشاہیہ قادریہ پیر قاسم سعید نوشاہی قادری طویل علالت کے بعد انتقال کرگئے

مرحوم کو انکے آبائی علاقہ میں واقع دربار شریف میں والد گرامی کے پہلو میں سپرد خاک کردیا گیا نماز جنازہ میں علماء کرام مشائخ عظام اور مریدین کی کثیر تعداد میں شرکت

